
# میپکو میگ ملتان



**سیفٹی فرسٹ:**
**انسانی جان مقدم ہے**
**چیف ایگزیکٹو میپکو**

کرونا صورتحال: صارفین کے مسائل کے حل کیلئے
چیف ایگزیکٹو میپکو کی آن لائن کچہری کا انعقاد

میپکو صارفین کی شکایات کا حل اولین ترجیح ہے
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق

ریجن بھر میں بجلی چوروں کیخلاف
بلاامتیاز آپریشن جاری

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو ۔۔۔ خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

# میپکو میگ ملتان

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

جلد نمبر 12 شمارہ 03 اپریل/مئی 2021ء کل صفحات 20




سر پرست اعلیٰ:
انجینئر اکرام الحق
چیف ایگزیکٹو آفیسر



مدیر اعلیٰ:
نصر حیات میکن
ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو



طاہر محمود شیخ
ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میپکو



جمشید نیازی
ایڈیشنل ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میپکو

## عرض مدیر

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کے مہلک اور غیر مہلک حادثات کسی صورت بھی قابل قبول نہیں ہے۔انسانی جان سے قیمتی اس جہان میں کوئی چیز نہیں اور نہ ہی کوئی ہنگامی حالت اس امر کی متقاضی ہے کہ جس میں کسی انسان کی زندگی داؤ پر لگائی جائے۔میپکو ہمیشہ اپنی لائن سٹاف اور معزز صارفین کی بجلی تنصیبات سے حفاظت کیلئے سرگرم رہی ہے۔

چیف ایگزیکٹو میپکو کی ہدایات کی روشنی میں میپکو انتظامیہ نے ریجن بھر میں دوران ڈیوٹی حادثات کی روک تھام کیلئے ایکشن پلان تیار کرلیا ہے۔تمام فیلڈ افسران کو ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ فوری طور پر اپنے سٹاف کیلئے حفاظتی آلات کی دستیابی اور ان کی بہترین حالت کو یقینی بنائیں اور سرٹیفکیٹ جاری کریں اگر کسی حادثے میں حفاظتی آلات کی عدم دستیابی یا عدم استعمال پایا گیا تو متعلقہ ایس ڈی اوز اور لائن سپرنٹنڈنٹس کیخلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو آپریشن سرکلو کے سپرنٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی کہ غیر متعلقہ افراد کا بجلی کی لائنوں اور ٹرانسفارمز پر کام کرنا غیر قانونی عمل ہے۔آئندہ کسی پرائیویٹ شخص کو حادثہ رونما ہوتو متعلقہ سب ڈویژنل اور ڈویژنل افسران کیخلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں گے۔ انہوں نے میپکو ریجن کے تمام ایس ڈی اوز کو احکامات دیئے ہیں کہ وہ اپنی اپنی سب ڈویژنوں میں ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کریں اور سیفٹی آلات کی عدم دستیابی کی صورت لائن سٹاف کو فیلڈ میں کام کرنے ہرگز نہیں بھیجا جائے۔انہوں نے لائن سٹاف کیلئے جاری ہدایات میں کہا ہے کہ ورک پرمٹ حاصل کیے بغیر کام شروع نہ کیا جائے اور کام شروع کرنے سے پہلے لائن کی ضروری ارتھنگ کی جائے۔ہر سب ڈویژن میں روزانہ کی بنیاد پر سیفٹی اسمبلی کا انعقاد کیا جائے اور سیفٹی ہدایات کو دوہرانے اور لائن سٹاف کو اس پر عمل کرنے کی تلقین کی جائے۔

چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اکرام الحق نے چالو لائنوں پر کام کرتے ہوئے سیفٹی اصولوں پر عمل پیرا نہ ہونے کو صریحاً خودکشی قرار دیا ہے اور قرار دیا ہے کہ لائن سٹاف کمپنی کا قیمتی اثاثہ ہے۔ان کی حفاظت کمپنی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔لائن سٹاف نہ صرف خود سیفٹی اصولوں پر عمل کریں بلکہ دوسروں کو بھی انکی تلقین کریں کیونکہ یہ کار خیر اور صدقہ جاریہ ہے۔کیونکہ ہمارا دین کامل ہمیں یہ بات بتاتا ہے کہ ''جس نے ایک شخص کی جان بچائی گویا اُس نے پوری انسانیت کو بچایا'' تمام سٹاف سیفٹی فرسٹ کو اپنا اصول بنالے تو حادثات میں خاطر خواہ کمی لائی جاسکتی ہے۔

## اس شمارے میں


- انسانی زندگی میں دل جسمانی اور روحانی لحاظ سے مرکزی اہمیت کا حامل
- سیفٹی سے متعلق میپکو ہیڈ کوارٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس
- میپکو ٹاسک فورسز کی کاروائیاں
- چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کی آئن لائن کچہری
- چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کا ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ کا دورہ
- جنرل مینیجر ٹیکنیکل اور جنرل مینیجر آپریشن کی ریٹائرمنٹ تقریب
- چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کا میپکو آپریشن سرکل بہاولپور کا دورہ
- چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کا میپکو آپریشن سرکل خانیوال کا دورہ
- چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کی کسان اتحاد کے وفد سے ملاقات
- دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے ملازمین کے سوگواران میں عیدی اور مٹھائی تقسیم
- کسٹمر کمپلینٹ سسٹم (CCMS) کے تحت صارفین کی شکایات کا ازالہ
- رواں مالی سال 2021-2020ء کے دوران اڑھائی لاکھ نئے کنکشن فراہم
- چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کا آپریشن سرکل رحیم یار خان کا دورہ
- ایس۔ای آپریشن رحیم یار خان سرکل کا ڈویژن، سب ڈویژن اور فیلڈ سٹور کا دورہ
- پروگریسو ریکوری رپورٹ
- سپورٹس آفیسر میپکو شراف علی کی ریٹائرمنٹ تقریب
- ایکسئین آپریشن چشتیاں ڈویژن کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن
- ایکسئین آپریشن ڈی.جی خان ڈویژن کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن
- ڈی.جی میڈیکل سروسز واپڈا کا واپڈا اسپتال ملتان کا دورہ
- میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر میں ٹریننگ کا سلسلہ جاری
- ترقی/تقرری/تبادلے
- محکمانہ ترقی امتحانات



www.mepco.com.pk
061 - 9220255
061 - 9220062
MEPCO TODAY

For Feedback
dmprmepco@gmail.com




فوٹوگرافی
جواد احمد



ویب ایڈیشن
خرم جاوید



معاونت/ڈیٹا کلیکشن
محمد وسیم ہاشمی

ڈیزائننگ/پرنٹنگ
آر این
GRAPHICS


شعبہ تعلقاتِ عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ سے شائع کیا گیا



# انسانی زندگی میں دل جسمانی اور روحانی ہر دو لحاظ سے مرکزی اہمیت کا حامل ہے

ڈاکٹر محمد فاروق سعید خواجہ
(ماہر امراض دل) کنسلٹنٹ
کارڈیالوجسٹ واپڈا ہسپتال ملتان

قرآن مجید میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے: ''ہم نے تمہارے فائدے کے لیے سماعت، بصارت اور دل بنائے تا کہ تم شکر گزار رہو'' (النحل)
ایک حدیث مبارک کا مفہوم ہے کہ تمہارے جسم میں ایک لوتھڑا ہے جب یہ درست ہوتا ہے تو پورا جسم درست ہوتا ہے اور جب اس میں خرابی آ جائے تو پورے جسم میں خرابیاں آ جاتی ہیں۔

دل کی روحانی خرابیوں میں تکبر، ریاکاری، کینہ اور حسد وغیرہ شامل ہیں جن کا علاج اولیاء اللہ کرتے ہیں جبکہ دل کی جسمانی بیماریوں کا علاج ماہر امراضِ قلب کرتے ہیں۔
دل ہمارے جسم کا ایسا عضو ہے جو چوبیس گھنٹے تا حیات بغیر رکے اپنا کام سرانجام دیتا رہتا ہے۔ دل ایک پمپ کی طرح کام کرتا ہے جو سکڑنے (Systole) اور پھیلنے (Diastolic) کے عمل سے خون کو شریانوں میں دھکیل کر جسم کے تمام حصوں کے خلیوں تک آکسیجن اور خوراک پہنچاتا ہے۔ ایک صحت مند انسان کا دل ایک منٹ میں 60 سے 100 بار اوسطاً 72 بار دھڑکتا ہے۔ دنیا بھر کے ممالک کی طرح پاکستان میں دل کے امراض خصوصاً ہائی بلڈ پریشر، انجائنا اور ہارٹ اٹیک میں مبتلا ہونے والوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔
ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق امریکہ جیسے ترقی یافتہ ملک میں 35 فی صد لوگ ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہیں جبکہ حالیہ ایک سروے کے مطابق پاکستان میں ہر تیسرا بالغ انسان ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہوتا ہے جن میں سے بہت کم کو ابتدا میں اپنی بیماری کا علم ہوتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کی بڑھتی ہوئی سنگین شرح کے پیشِ نظر آگاہی کے مقصد سے دنیا بھر میں 17 مئی کو اینٹی ہائپر ٹینشن ڈے منایا جاتا ہے۔

**بلڈ پریشر کیا ہے؟** دل کے دھڑکنے سے خون ایک مخصوص پریشر کے تحت شریانوں کے اندر گردش کرتا ہے۔ دل جب سکڑتا ہے تو شریانوں میں پریشر بڑھ جاتا ہے جسے سسٹولک بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ عام زبان میں اسے اوپر والا بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ دل جب پھیلتا ہے تو شریانوں میں خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے جسے ڈائیاسٹالک بلڈ پریشر یا عام زبان میں نیچے والا بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ بلڈ پریشر کی پیمائش ملی میٹر آف مرکری (mm of Hg) میں کی جاتی ہے اور ایک صحت مند نوجوان انسان کا بلڈ پریشر 120 / 80 ملی میٹر آف مرکری ہوتا ہے۔

**اسباب:** ذہنی تناؤ، تفکرات، بسیار خوری، نمک اور مرغن غذاؤں کا زیادہ استعمال، فاسٹ فوڈ اور کولا مشروبات سے رغبت، قد اور وزن میں تناسب نہ ہونا، موٹاپا، آرام دہ طرزِ زندگی اور ورزش کا فقدان، تمباکو نوشی کا شائق ہونا، موروثی اثرات یعنی دادا دادی، نانا نانی، ماں باپ یا بہن بھائیوں سے کسی ایک کا ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہونا، نظر کی کمزوری، کولیسٹرول لیول بڑھا ہونا، گردوں کی تکلیف ہونا۔

**احتیاطی تدابیر:** اللہ رب العزت کا ارشاد ہے۔ ''بے شک اللہ کا ذکر دلوں کو اطمینان بخشتا ہے۔''

- ہماری موجودہ طرزِ زندگی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دوری پر مبنی ہے۔
- ان سب کا نتیجہ ہائی بلڈ پریشر اور ذیابیطس کی صورت میں ہمارے جسم میں ظاہر ہوتا ہے۔
- کھانے پینے سے لے کر مسواک تک ہر سنت کے مطابق زندگی ڈھالیں۔
- پھل، سلاد اور سبزیوں کا زیادہ استعمال زیادہ کریں۔
- پیدل چلنے کی عادت ڈالیں اور وزن کم کریں۔
- نظر کمزور ہے تو عینک لازمی پہنیں۔
- ہماری زندگیوں میں صبر، قناعت کا فقدان ہے، ذہنی تناؤ، تفکرات اور پریشانیوں کی بھرمار ہے۔
- اللہ رب الکریم کی ذات پر مکمل بھروسہ رکھیں۔
- کھانے میں چینی، نمک اور مرغن غذاؤں کا استعمال کم کریں۔
- گھی کے بجائے آئل استعمال کریں۔
- موبائل اور کمپیوٹر کا استعمال کم کریں۔
- علاج کے لیے اپنے قریبی معالج سے باقاعدگی سے چیک اپ کرائیں۔

# سیفٹی فرسٹ: انسانی جان مقدم ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق

## سیفٹی سے متعلق میپکو ہیڈ کواٹر میں اعلیٰ سطحی اجلاس، فیلڈ افسران کو حفاظتی تدابیر پر عمل درآمد کیلئے سخت ہدایات واحکامات جاری

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے ریجن بھر میں دوران ڈیوٹی حادثات کی روک تھام کے لئے ایکشن پلان تیار کرلیا ہے۔ تمام فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ فوری طور پر اپنے سٹاف کے لئے حفاظتی آلات کی دستیابی اوران کی بہترین حالت کو یقینی بنائیں اور سرٹیفکیٹ جاری کریں۔ اگر کسی حادثے میں حفاظتی آلات کی عدم دستیابی یا عدم استعمال پایا گیا تو متعلقہ ایس ڈی اوز اور لائن سپر یٹنڈنٹس کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کے مہلک اور غیر مہلک حادثات کسی صورت بھی قابل قبول نہیں ہے۔ انسانی جان سے قیمتی اس جہان میں کوئی چیز نہیں ہے، نہ ہی کوئی ہنگامی حالت اس امر کی متقاضی ہے کہ جس میں کسی انسان کی زندگی داؤ پر لگائی جائے۔ میپکو ہمیشہ اپنے لائن سٹاف اور معزز صارفین کی بجلی کی تنصیبات سے حفاظت کے لئے سرگرم رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیفٹی پر منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا جس میں جنرل منیجرز، چیف انجینئرز، میپکو ریجن کے تمام سپر یٹنڈنگ انجینئرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے آپریشن سرکلوں کے سپر یٹنڈنگ انجینئرز کو ہدایت کی کہ غیر متعلقہ افراد کا بجلی کی لائنوں اور ٹرانسفارمرز پر کام کرنا غیر قانونی عمل ہے آئندہ کسی پرائیویٹ شخص کو حادثہ رونما ہو تو متعلقہ سب ڈویژنل اور ڈویژنل افسران کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروائے جائیں۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق میپکو ہیڈ کوارٹر میں لائن سٹاف کی سیفٹی سے متعلق اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔ جنرل منیجرز، چیف انجینئرز، آپریشن سرکلوں کے سپر یٹنڈنگ انجینئرز اور ہیڈ کوارٹر کے مختلف شعبوں کے سربراہان بھی موجود ہیں۔

انہوں نے میپکو ریجن کے تمام ایس ڈی اوز کو احکامات دیئے ہیں کہ وہ اپنی اپنی سب ڈویژنوں میں ٹی اینڈ پی کی چیکنگ کریں اور سیفٹی آلات کی عدم دستیابی کی صورت لائن سٹاف کو فیلڈ میں کام کرنے سے ہرگز نہ بھیجا جائے۔ انہوں نے لائن سٹاف کے لئے جاری ہدایات میں کہا ہے کہ ورک پرمٹ حاصل کئے بغیر کام شروع نہ کیا جائے اور کام شروع کرنے سے پہلے لائن کی ضروری ارتھنگ کی جائے۔ ہر سب ڈویژن میں روزانہ کی بنیاد پر سیفٹی اسمبلی کا انعقاد کیا جائے اور سیفٹی ہدایات کو دوہرا اور لائن سٹاف کو اس پر عمل کرنے کی تلقین کی جائے۔ ہائی ٹینشن اور لو ٹینشن لائنوں کی زمین سے مناسب بلندی برقرار رکھی جائے۔ تاروں کے جوڑ منظور شدہ

تکنیکی طریقوں سے لگائے جائیں۔ ہائی ٹینشن اور لوٹینشن کے جمپرز، پی جی کنیکٹرز کے ذریعے لگائے جائیں۔ حادثات کی فوری روک تھام کے لئے بجلی کی لائنوں اور عمارتوں میں ضروری فاصلہ برقرار رکھا جائے۔ خراب پی سی سی پولز فوری طور پر تبدیل کئے جائیں۔ میپکو ہیڈ کوارٹر کے ریجنل سیفٹی ڈائریکٹوریٹ کی ٹیمیں سب ڈویژنل اور ڈویژنل دفاتر میں سیفٹی پریڈز، ٹی اینڈ پی آلات کی دستیابی اور سیفٹی سے متعلق امور کی چیکنگ کریں گی۔ نااہلی اور غفلت کے مرتکب آپریشنل افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ میپکو ریجن کے تمام ریجنل وفیلڈ سٹورز، گرڈ اسٹیشنوں اور دفاتر میں سی سی ٹی وی کیمرے اور فائر فائٹنگ آلات کی تنصیب کی جائے اور آگ لگنے کی صورت میں احتیاطی طور پر واٹر ٹینک بھی بنائے جائیں۔ سیکیورٹی کا نظام مزید بہتر بنانے جائے اور سیکیورٹی گارڈز کی کارکردگی کی مانیٹرنگ کی جائے۔ صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی کی بلاتعطّل فراہمی یقینی بنانے کے لئے میپکو ریجن میں ہائی ٹینشن فیڈرز اور لوٹینشن کی زیر التواء سکیموں پر ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کیا جائے۔ ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن کر کے رپورٹ ہیڈ کوارٹر بھجوائی جائے۔ بار بار جلنے والے ٹرانسفارمرز کی وجوہات، متعلقہ فیڈرز انچارج اور ایس ڈی اوز کی فہرستیں تیار کی جائیں اور نااہلی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کاروائی کی جائے۔ پاکستان واپڈا ہائیڈرو ورکرز یونین کے نائب صدر چوہدری محمد خالد نے کہا کہ افسران فیلڈ میں لائن سٹاف کی ٹرانسفارمرز، لائنوں اور پولز پر کام کے دوران چیکنگ کریں اس سے سٹاف میں ذمہ داری کا احساس پیدا ہوگا۔ اجلاس میں جنرل منیجر آپریشن صدیق اللہ خان، جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن، جنرل منیجر کسٹمر سروسز سید احسن محی الدین، چیف انجینئر زعترت حسین، عبدالرحیم سومرو، نور احمد سومرو، خالد علی چشتی، ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، ایڈیشنل ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈائریکٹر میٹریل مینجمنٹ صدیق خان، ریجنل منیجرز ایم اینڈ ٹی میاں محمد انور، نوید انجم چیمہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن رانا محمد ایوب، ڈائریکٹر سیفٹی عبدالرحمٰن، سٹاف آفیسر کامران ظہور، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ سہیل بھٹی اور ڈپٹی ڈائریکٹر سیفٹی کاشف مقبول بھی موجود تھے۔

# میپکو ٹاسک فورسز کی ریجن بھر میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کاروائیاں

**ماہ مئی کو دوران 1394 بجلی چوروں کو 18 لاکھ 86 ہزار سے زائد یونٹس چوری کرنے پر 3 کروڑ روپے سے زائد کے جرمانے عائد، 122 مقدمات درج**

میپکو ٹیموں نے آپریشن کرتے ہوئے جنوبی پنجاب میں رواں ماہ میں 1394 بجلی چور پکڑ لئے۔ 18 لاکھ 86 ہزار یونٹس بجلی چوری کرنے پر 3 کروڑ روپے سے زائد جرمانہ عائد۔ 122 مقدمات درج۔ یکم تا 22 مئی 2021ء کے دوران ملتان میں 291 صارفین کو 6790876 روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 9 مقدمات درج کروائے گئے۔ ڈی جی خان میں 224 صارفین کو 3465070 روپے جرمانہ عائد اور 56 ایف آئی آرز درج، وہاڑی میں 106 بجلی چوروں کو 2758466 روپے جرمانہ عائد، بہاولپور میں 135 صارفین کو 4213183 روپے جرمانہ عائد اور 19 مقدمات درج، ساہیوال میں 216 بجلی چوروں کو 4357896 روپے جرمانہ عائد اور 17 ایف آئی آرز درج، رحیم یار خان میں 157 صارفین کو 3041667 روپے جرمانہ عائد اور 17 مقدمات درج، مظفر گڑھ میں 188 صارفین کو 3019986 روپے جرمانہ عائد اور 2 مقدمات درج، بہاولنگر میں 43 صارفین کو 1366400 روپے جرمانہ عائد اور خانیوال میں 34 صارفین کو 1140712 روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور دو مقدمات درج کروائے گئے۔

# میپکو ریجن کے 13 اضلاع میں صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے آن لائن کچہری کا انعقاد

## صارفین کو سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی انتظامیہ ریجن کے 13 اضلاع میں صارفین بجلی کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے کوشاں ہے۔ صارفین کو سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ آئندہ موسم گرما میں ریجن بھر کے صارفین کو بلاتعطّل بجلی فراہمی کے لئے مسلسل اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ بجلی چوری کے خلاف بھی میپکو کی ٹیمیں متحرک ہیں اور ریجن بھر میں اس لعنت کے خاتمے کے لئے کوشاں ہیں۔ صارفین کی بجلی چوری کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور جہاں کہیں بھی بجلی چوری دیکھیں اس کی اطلاع میپکو حکام کو دیں انکا نام صیغہ راز میں رکھا جائیگا۔ یہ باتیں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ آن لائن کھلی کچہری کے موقع پر کہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ریجنل شکایات سنٹر عرفان صدیقی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر شبیر احمد نے بھی ای کچہری میں صارفین کی شکایات سُنیں۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ وزارت توانائی کی ہدایت پر کورونا کی وجہ سے سماجی فاصلے کو مدنظر رکھتے ہوئے آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے تا کہ صارفین بجلی شکایات ایک فون کال کے ذریعے گھر بیٹھے حل ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کی اولین ترجیح صارفین اور ان کو بلاتعطّل بجلی کی فراہمی ہے اس سلسلے میں مانیٹرنگ سیل کے علاوہ 118 اور ٹول فری نمبر 0800-63726 صارفین بجلی کی شکایات کے ازالے کیلئے ہمہ وقت کام کر رہے ہیں۔ کورونا وائرس کی صورت حال کے باوجود میپکو کے جفاکش کارکن آندھی، طوفان اور بارش کے باوجود فیلڈ/گرڈز پر بجلی کی فراہمی کیلئے، ریکوری، نئے کنکشنز کے اجراء کیلئے ہسپتالوں، کمرشل اور صنعتی صارفین کو بجلی کی فراہمی کیلئے فرنٹ لائن فورس کے طور پر کھڑے ہیں۔ ای۔ کچہری کے دوران ریجن بھر سے 74 صارفین نے میپکو چیف کو مختلف نوعیت کے مسائل جن میں ٹرانسفارمرز کی اوورلوڈنگ، کھمبوں کی تبدیلی، میٹروں کی تبدیلی، نئے کنکشنز کے اجراء، وولٹیج کی کمی بیشی سے آگاہ کیا جنہیں سُن کر انہوں نے موقع پر ہی ان کے ازالے کے احکامات جاری کئے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق اور ریجنل شکایات سنٹر کے افسران میپکو ہیڈکواٹر میں منعقدہ ای۔ کچہری میں صارفین کی شکایات سُن رہے ہیں۔

# چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کا ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان کا دورہ

## موسم گرما میں خراب اور جلنے والے ٹرانسفارمر کی کم سے کم وقت میں مرمت کی جائے۔ سی ای او میپکو

## ایکسئین ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان انجینئر وقاص خاکوانی کی سی ای او میپکو کو بریفنگ



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان کے دورے کے موقع پر ملازمین سے خطاب کررہے ہیں۔
جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر اور ایکسین ورکشاپ وقاص خاکوانی بھی موجود ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ موسم گرما میں خراب اور جلنے والے ٹرانسفارمرز کی کم سے کم وقت میں مرمت کی جائے اور فوری طور پر متعلقہ آپریشن سب ڈویژن کو بھجوائے جائیں۔ جلنے والے ٹرانسفارمرز کی جگہ ٹرالیاں نصب کرکے بجلی کی بحالی یقینی بنائی جارہی ہے۔ ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپس کا سٹاف دلجمعی سے کام کرے اور اسٹینڈرڈ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مرمتی کام کیا جائے تاکہ دوبارہ بجلی کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہ سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان کے اچانک دورے کے موقع پر ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جنرل منیجر آپریشن میپکو طارق محمود بٹر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن کے زیر انتظام ملتان، ساہیوال، رحیم یارخان اور ڈی جی خان سرکلز میں ٹرانسفارمرز ورکشاپس قائم ہیں جہاں روزانہ مختلف استعداد کار کے درجنوں ٹرانسفارمرز مرمت کرکے قابل استعمال بنائے جارہے ہیں۔ ورکشاپس میں خدمات سرانجام دینے والے سٹاف و افسران کی محنت کے اعتراف میں ماہانہ انعامات دیئے جارہے ہیں۔ ایکسین ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپ ملتان انجینئر وقاص خاکوانی نے سی ای او میپکو کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جلنے اور خراب ہونے والے ٹرانسفارمر فوری طور پر مرمت کئے جارہے ہیں اور مرمت میں میٹریل اعلیٰ معیار کا استعمال کیا جارہا ہے جسکی وجہ سے مرمت ہونے والے ٹرانسفارمرز دوبارہ نصب ہونے کے بعد شکایات نہ ہونے کے برابر ہیں اس کا سہرا محنت کش ملازمین کے سر جاتا ہے۔

# مدت ملازمت پوری کر کے باعزت ریٹائر ہونا اللہ کریم کا انعام ہے، چیف ایگزیکٹو میپکو اکرام الحق

جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن اور جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر اپنی مدتِ ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو گئے، افرادی قوت اداروں کا استحکام ہوتی ہے دونوں جنرل منیجرز پاور سیکٹر کی ہمہ جہت اور متحرک شخصیات ہیں میپکو کیلئے انکی کاوشیں اور خدمات لائقِ تحسین ہیں۔



چیف ایگزیکٹو میپکو اکرام الحق ریٹائر ہونے والے جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن اور جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر کو شیلڈ دے رہے ہیں، میپکو کے دیگر افسران موجود ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ مدت ملازمت پوری کر کے باعزت ریٹائر ہونا اللہ کریم کا انعام ہے۔ افرادی قوت اداروں کے استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ محنتی، دیانتدار اور تجربہ کار افسران اور ملازمین کمپنی کا اثاثہ ہوتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر اور جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے دونوں جنرل منیجرز پاور سیکٹر کی ہمہ جہت اور متحرک شخصیات ہیں جنہوں نے اپنی کاوشوں اور خدمات سے میپکو کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کیا جو لائق تحسین ہے۔ ریٹائر ہونے والے افسران محنتی اور قابل ہیں اور انہوں نے میپکو میں قابل قدر خدمات سرانجام دیں جنہیں میپکو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ ہم آئندہ بھی ان کے تجربے سے مستفید ہوتے رہیں گے۔ ریٹائر ہونے والے جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن نے کہا کہ میں نے 1985ء میں بطور ایس ڈی او ملتان سے سروس کا آغاز کیا۔ ٹرائبل ایریا الیکٹرک سپلائی کمپنی (ٹیسکو) اور فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر کام کیا اور آج ملتان سے اپنی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہو رہا ہوں۔ باعزت طریقے سے رخصت کرنے پر میپکو انتظامیہ کا مشکور ہوں۔ جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر نے کہا کہ میں نے 1988ء سے اپنی سروس کا آغاز بطور ایس ڈی او لاہور سے کیا اور 2020ء میں بطور چیف انجینئر کے عہدے پر ترقی پائی اور 2021ء میں سروس پوری ہونے پر ریٹائر ہو رہا ہوں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ریٹائر ہونے والے دونوں جنرل منیجرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میپکو نے ان سینئر انجینئرز کے تجربے سے بہت استفادہ حاصل کیا اور ان کی کمی کبھی پوری نہیں ہو سکے گی۔ میری دُعا ہے کہ ان کی آئندہ کی زندگی خوش وخرم گزرے۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر اکرام الحق نے ریٹائر ہونے والے دونوں جنرل منیجرز کو یادگاری شیلڈ، واجبات کا چیک اور تحائف دیئے۔ اس موقع پر جنرل منیجر آپریشن صدیق اللہ خان، جنرل منیجر کسٹمر سروسز سید احسن محی الدین، چیف انجینئرز عترت حسین، عبدالرحیم سومرو، نور احمد سومرو، ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، ڈی جی آئی ٹی امتیاز رسول اور تمام شعبوں کے سربراہان اور افسران بھی موجود تھے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق کا میپکو بہاولپور سرکل کا دورہ

## رمضان المبارک میں سحر وافطار میں بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کے لئے افسران وسٹاف خدمات سرانجام دیں۔سی ای او میپکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے افسران وسٹاف صارف دوست رویہ اپنائیں۔ بریک ڈاؤنز اور ایمرجنسی کی صورتحال میں بجلی بحال کرنے کے لئے فوری طور پر اقدامات کئے جاسکیں۔آپریشنل افسران ٹو فیز پر چلنے والے ٹرانسفارمرز فوری طور پر اُتار کر مرمت کے لئے ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ بھجوائیں اور ان کی جگہ دوسرے ٹرانسفارمرز نصب کر کے بجلی فراہم کی جائے۔غفلت اور نااہلی کے مرتکب افسران وملازمین کے محکمانہ قوانین کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔ وہ میپکو بہاولپور سرکل کے دورے کے موقع پر افسران کے اجلاس سے خطاب کرر ہے تھے۔انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایات کے ازالے کے لئے قائم کسٹمر سروسز سنٹرز اور کمپلینٹ سنٹرز کا عملہ مستعد رہے اور درج ہونے والی شکایات پر کم سے کم وقت میں کاروائی کرے۔ لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف کے حصول کے لئے ہر ممکن جدوجہد کی جائے۔ رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے کنکشنوں کی ازسرنو چیکنگ کر کے رپورٹ تیار کی جائے اگر کسی ڈیڈ ڈیفالٹر کا کنکشن موقع پر چلتا ہوا پایا گیا تو متعلقہ آپریشنل افسر اور سپروائزری سٹاف ذمہ دار ہوگا۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں اور محکموں سے واجبات /بقایا جات وصول کرنے کے لئے سربراہان سے رابطہ کیا جائے تا کہ جلد از جلد ادائیگیاں ممکن بنائی جاسکیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ افسران دلجمعی سے دفتری امور سرانجام دیں اور تمام ایگزیکٹو انجینئرز روزانہ کی بنیاد پر سب ڈویژنل اور ڈویژنل کمپلینٹ سنٹرز میں شکایات کی مانیٹرنگ کریں۔ لائن سٹاف کی قیمتی جانوں کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ٹی اینڈ پی کا بھرپور استعمال کیا جائے تا کہ حادثات کی شرح میں بھی کمی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے ایس ڈی اوز کو ہدایت کی کہ بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری رکھا جائے اور عائد کردہ جرمانوں کی رقم وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائی جائے۔ مقدمات کا اندراج کروانے کے لئے متعلقہ پولیس افسران سے رابطہ رکھا جائے۔ ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل عبدالکریم جمالی نے سی ای او میپکو کو سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ موسم گرما میں بجلی کی سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے سب ڈویژنوں میں کھڑی اور فیلڈ میں نصب ٹرانسفارمرز ٹرالیاں تیار حالت میں دستیاب ہیں۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے وزیراعظم پاکستان کی شجرکاری مہم کے تحت سرکل کمپلیکس بہاولپور میں پودا لگایا اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔





چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق بہاولپور سرکل کے دورے کے موقع پر افسران کے اجلاس سے خطاب کرر ہے ہیں
جبکہ دوسری جانب شجرکاری مہم کے تحت سرکل کمپلیکس میں پودا لگار ہے ہیں۔



چیف ایگزیکٹیو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق خانیوال سرکل کے دورے کے موقع پر ایس ای خانیوال محمد سعید سے گفتگو کررہے ہیں

## چیف ایگزیکٹیو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کا خانیوال سرکل کا دورہ

**آپریشنل افسران لائن لاسز اور ریکوری کے مقررہ اہداف کا حصول یقینی بنائیں۔سی ای او میپکو**

**سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو خانیوال سرکل محمد سعید کی سرکل کی کارکردگی بارے بریفنگ**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ آپریشنل افسران لائن لاسز اور ریکوری کے مقرر کردہ اہداف کا حصول یقینی بنائیں۔بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کو دن اور رات میں جاری رکھا جائے اور بجلی چوروں کو جرمانے عائد کرکے وصول بھی کئے جائیں۔صارفین کی شکایات کا فوری اور بروقت ازالہ کیا جائے اس میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائیگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے خانیوال سرکل کے اچانک دورے کے موقع پر سپریٹنڈنگ انجینئر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سرکاری اور نیم سرکاری اداروں سے واجبات / بقایاجات وصولی کے لئے متعلقہ اداروں کے انتظامی افسران سے رابطہ رکھا جائے۔رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے ذمہ واجب الادا رقوم وصول متعلقہ ایس ڈی اوز اور سٹاف کی ذمہ داری ہے جسے وہ احسن طریقے سے نبھائیں۔مستقل نادہندہ صارفین کے کنکشنوں کی ازسرنو چیکنگ کی جائے اگر کسی سب ڈویژن میں مستقل نادہندہ کا کنکشن چلتا ہوا پایا گیا تو متعلقہ افسران و سٹاف کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی کی جائے گی۔سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو خانیوال سرکل محمد سعید نے سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر ڈپٹی کمرشل منیجر خانیوال سرکل ارشاد حسین سیال، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل مسعود قریشی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

## میپکو انتظامیہ اپنے ملازمین کی خوشی وغمی میں برابر کی شریک ہے۔چیف ایگزیکٹیو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی ہدایت پر ساہیوال کے افسران قادرآباد سب ڈویژن ساہیوال کے شہید لائن مین وزیر احمد کی بیوہ کو واجبات وعیدی کے چیک اور مٹھائی دے رہے ہیں۔

**دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے ملازمین کے سوگواران کو عیدی اور مٹھائی دینے کے احکامات**

**اپنی قیمتی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں، ٹی اینڈ پی اور پی پی ای کا 100 فیصد استعمال کریں۔سی ای او میپکو**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے ملازمین کے سوگواران کو عیدی اور مٹھائی دینے کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا ہے کہ میپکو انتظامیہ اپنے ملازمین کی خوشی وغمی میں برابر کی شریک ہے۔ملازمین ایک فیملی کی طرح ہیں اور ہم ان کے خاندانوں کے ساتھ خوشی اور غمی میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے لائن سٹاف کے سوگواران سے ہمدردی رکھتے ہیں۔رشید احمد لائن مین I (رحیم یارخان سب ڈویژن)، غلام مجتبٰی لائن مین I (مظفرگڑھ سب ڈویژن)، تنویر احمد اسسٹنٹ لائن مین (نواں شہر سب ڈویژن ملتان)، مراد علی لائن مین II (سٹی سب ڈویژن ملتان)، عرفان علی ڈیلی ویجر (سیکنڈ کنسٹرکشن سب ڈویژن ساہیوال)، محمد مبارز قائمقام لائن مین (کرمداد قریشی سب ڈویژن)، محمد عثمان خرم اسسٹنٹ لائن مین (مروٹ سب ڈویژن بہاولنگر)، وزیر احمد لائن مین I (قادرآباد سب ڈویژن ساہیوال)، محمد ابوزر کرین آپریٹر (کوئٹہ روڈ سب ڈویژن ڈی جی خان)، محمد سرفراز اسسٹنٹ لائن مین (رورل سب ڈویژن لودھراں) اور محمد حنیف لائن مین II (رحیم آباد سب ڈویژن صادق آباد) کے سوگواران کو مٹھائی اور 5،5 ہزار روپے کیش عیدی دی گئی ہے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے میپکو ریجن کے تمام لائن سٹاف کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنی قیمتی جانوں کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ٹول اینڈ پلانٹس (ٹی اینڈ پی)، پرسنل پروٹیکٹو ایکوئپمنٹس (پی پی ای) کا سو فیصد استعمال کریں۔لائنوں، ٹرانسفارمرز اور پولز پر کام کرنے سے قبل پرمٹ لازمی حاصل کیا جائے۔

# زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے،کسان کی خوشحالی معیشت کی خوشحالی ہے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر اکرام الحق

## کسانوں کے بجلی کے بلوں کے مسائل کے حل کیلئے سپرٹینڈنگ انجینئرز کو احکامات جاری

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ زراعت ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔کسان کی خوشحالی دراصل معیشت کی خوشحالی کی علامت ہے۔پاکستان کسان اتحاد اوران کے اراکین ریجن بھر کے ٹیوب ویلوں کے بجلی بلوں اور واجبات بروقت جمع کروائیں۔پاکستان کسان اتحاد اور میپکو انتظامیہ کے مابین معاہدے کے مطابق بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی سے میپکو ٹیوب ویل صارفین کو بجلی کی بلاتعطّل فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔گزشتہ روز میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ پاکستان کسان اتحاد اور میپکو انتظامیہ کے اجلاس میں پاکستان کسان اتحاد کے صدر چوہدری محمد انور نے انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ زرعی ٹیوب ویل صارفین تحریری معاہدے کے مطابق بلوں کی ادائیگی یقینی بنائیں گے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ میپکو انتظامیہ ریکوری بڑھانے کے لئے شبانہ روز کوشاں ہے۔مالی سال کے اختتام کی وجہ سے ادائیگیاں ہونا ناگزیر ہیں۔کسان اتحاد کے وفد کے مطالبے پر چیف ایگزیکٹو آفیسر نے ریجن بھر کے سپرینٹنڈنگ انجینئرز کو احکامات جاری کئے کہ اگر کہیں کسی ٹیوب ویل بل کا کوئی تنازعہ ہے تو کیس ٹو کیس جائزہ لیکر فی الفور درست کرکے ٹیوب ویل صارف کو جاری کیا جائے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق سے پاکستان کسان اتحاد کا وفد چوہدری محمد انور کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے، جنرل منیجر کسٹمر سروسز میپکو اور ایس ایز بھی موجود ہیں

کسان اتحاد کے وفد نے اپنی زیادہ سے زیادہ ادائیگیوں کو یقینی بنانے کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ اپنے کسان اتحاد کے اراکین کو تمام سرکلز میں پیغام رسانی کرکے اس پر عملدرآمد کروائیں گے اجلاس میں پرانے بقایاجات جو سال 2015ء سے زیر التواء ہیں انکا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔پاکستان کسان اتحاد کے چیئرمین چوہدری محمد انور نے مذکورہ بقایاجات کی زیادہ سے زیادہ اقساط میں ادائیگی کا مطالبہ کیا۔باہمی مشاورت سے طے پایا کہ آئندہ بدھ کے روز اجلاس میں اس بارے میں فارمولا طے پائیگا۔چیف ایگزیکٹو آفیسر نے واضح کیا کہ عدم ادائیگی پر منقطع کئے گئے کنکشنز مکمل ادائیگی پر ہی بحال کئے جائیں گے۔اجلاس میں جنرل منیجر کسٹمر سروسز سید احسن محی الدین، سپرینٹنڈنگ انجینئر خانیوال سرکل محمد سعید، سپرینٹنڈنگ انجینئر وہاڑی سرکل الطاف قادر، سپرینٹنڈنگ انجینئر ساہیوال سرکل محمد سرور مغل، ایکسین عارفوالہ ڈویژن خالد حسین، کسان اتحاد کی طرف سے مرکزی صدر ملک ذوالفقار اعوان، نمائندگان راشد اللہ، محمد مرتضیٰ اور محمد شفیق موجود تھے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

# کسٹمر کمپلینٹ سسٹم (CCMS) کے تحت صارفین کی درج ہونے والی شکایات کا ازالہ ترجیحی بنیادوں پر کیا جارہا ہے، انجینئر اکرام الحق

**یکم جون 2019ء سے 3 مئی 2021 کے دوران ریجن بھر سے 2لاکھ 76 ہزار 232 صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات درج ہوئیں**
**2لاکھ 75 ہزار 728 صارفین کی شکایات کا ازالہ اور ریلیف فراہم کر دیا گیا**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی جانب سے کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم (CCMS) کے تحت صارفین کی درج ہونے والی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جارہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ صارفین کی درج ہونے والی شکایات کا فوری اور بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے اس ضمن میں عملی اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں۔ یکم جون 2019ء سے 3 مئی 2021ء کے دوران میپکو ریجن کے زیر انتظام 9 آپریشن سرکلوں میں 2لاکھ 76 ہزار 232 صارفین نے بجلی سے متعلق شکایات کیں ان میں سے 2لاکھ 75 ہزار 728 صارفین کی شکایات کا ازالہ کر کے ریلیف دیا گیا۔ سی سی ایم ایس کے تحت درج ہونے والی شکایات کے ازالے کی شرح 99 فیصد سے زائد رہی ہے جس پر آپریشن سرکلوں کے شکایات سنٹرز، کسٹمر سروسز سنٹرز کے اہلکاروں کی کارکردگی قابل ستائش قرار دی گئی ہے۔ کسٹمر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کی سمری کے مطابق 23 مہینوں کے دوران میپکو ملتان سرکل میں 82 ہزار 908 صارفین نے شکایات درج کروائیں ان میں سے 82 ہزار 784 صارفین کی شکایات کا فوری اور بروقت ازالہ کیا گیا جبکہ بقایا 124 شکایات پر کام جاری ہے۔ ڈی جی خان سرکل میں 42 ہزار 749 صارفین کی شکایات کا ازالہ کیا گیا جبکہ 46 درخواستیں التواء میں ہیں۔ وہاڑی سرکل میں 17 ہزار 504 شکایات کا ازالہ کیا گیا اور 30 شکایات پر کام جاری ہے۔ بہاولپور سرکل میں 30 ہزار 473 صارفین کی شکایات کا ازالہ کیا گیا اور 39 شکایات پر کام کیا جارہا ہے۔ ساہیوال سرکل میں 23 ہزار 72 صارفین کی شکایات رفع کی گئیں جبکہ 53 شکایات پر تیزی سے کام جاری ہے۔ رحیم یارخان سرکل میں 31 ہزار درخواستیں نمٹائی گئیں اور 74 شکایات کا ازالہ کیا جارہا ہے۔ مظفر گڑھ سرکل میں 20 ہزار 89 درخواستوں پر ایکشن لیتے ہوئے ازالہ کیا گیا اور صرف 27 درخواستوں پر کام جاری ہے۔ بہاولنگر سرکل میں 11 ہزار 72 صارفین کی شکایات کا ازالہ کیا گیا اور 66 صارفین کی شکایات پر کام جاری ہے۔ خانیوال سرکل میں 16 ہزار 980 صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات کا ازالہ کیا گیا اور 45 شکایات پر کام جاری ہے۔

# میپکو نے رواں مالی سال 2020-2021ء کے دوران ریجن بھر میں اڑھائی لاکھ نئے کنکشنز فراہم کر دیئے

**2لاکھ 27 ہزار 535 گھریلو، 15 ہزار 946 کمرشل، 246 جنرل سروس، ایک ہزار 614 صنعتی، 3 ہزار 884 ٹیوب ویل اور 53 دیگر شامل ہیں**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے رواں مالی سال 21-2020ء کے دوران تقریباً اڑھائی لاکھ نئے کنکشنز فراہم کئے ہیں ان میں 2لاکھ 27 ہزار 535 گھریلو، 15 ہزار 946 کمرشل، 246 جنرل سروس، ایک ہزار 614 صنعتی، 3 ہزار 884 ٹیوب ویل اور 53 دیگر کنکشنز شامل ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی ہدایت پر ملتان سرکل میں رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران 38763 نئے کنکشنز فراہم کئے گئے ہیں جبکہ ڈی جی خان سرکل میں 24411، وہاڑی سرکل میں 19598، بہاولپور سرکل میں 31479، ساہیوال سرکل میں 29839، رحیم یارخان سرکل میں 26535، مظفر گڑھ سرکل میں 47170، بہاولنگر سرکل میں 14913 اور خانیوال سرکل میں 16570 نئے کنکشنز فراہم کئے گئے ہیں۔

# چیف ایگزیکٹیو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کا آپریشن سرکل رحیم یار خان کا دورہ

## لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف کا حصول، ڈیفالٹرز کے کنکشنوں کی چیکنگ اور لائن سٹاف کو حفاظتی تدابیر اپنانے کیلئے افسران کو ہدایات جاری

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ آپریشنل افسران ٹو فیز پر چلنے والے ٹرانسفارمرز فوری طور پر اُتار کر مرمت کے لئے ٹرانسفارمر ری کلیمیشن ورکشاپ بھجوائیں اور ان کی جگہ دوسرے ٹرانسفارمرز نصب کر کے بجلی فراہم کی جائے۔ غفلت اور نااہلی کے مرتکب افسران و ملازمین کے محکمانہ قوانین کے مطابق کاروائی کی جائے گی۔ وہ میپکو رحیم یار خان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کی شکایات کے ازالے کے لئے کسٹمر سروسز سنٹرز اور کمپلینٹ سنٹرز کا عملہ مستعد رہے اور درج ہونے والی شکایات پر کم سے کم وقت میں کاروائی کرے۔ لائن لاسز اور ریکوری کے اہداف کے حصول کے لئے ہر ممکن جدوجہد کی جائے۔ رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے کنکشنوں کی ازسرنو چیکنگ کر کے رپورٹ تیار کی جائے اگر کسی ڈیڈ ڈیفالٹر کا کنکشن موقع پر چلتا ہوا پایا گیا تو متعلقہ آپریشنل افسر اور سپروائزری سٹاف ذمہ دار ہوگا۔ سرکاری و نیم سرکاری اداروں اور محکموں سے واجبات / بقایا جات وصول کرنے کے لئے سربراہان سے رابطہ کیا جائے تاکہ جلد از جلد ادائیگیاں ممکن بنائی جاسکیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ افسران دلجمعی سے دفتری امور سرانجام دیں اور تمام ایگزیکٹو انجینئرز روزانہ کی بنیاد پر سب ڈویژنل اور ڈویژنل کمپلینٹ سنٹرز میں شکایات کی مانیٹرنگ کریں۔ لائن سٹاف کی قیمتی جانوں کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے ٹی اینڈ پی کا بھرپور استعمال کیا جائے تاکہ حادثات کی شرح میں بھی کمی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے ایس ڈی اوز کو ہدایت کی کہ بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری رکھا جائے اور عائد کردہ جرمانوں کی رقم وصول کر کے محکمہ کے خزانے میں جمع کروائی جائے۔ مقدمات کا اندراج کروانے کے لئے متعلقہ پولیس افسران سے رابطہ رکھا جائے۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو رحیم یار خان سرکل اشرف علی نے سی ای او میپکو کو سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف انجینئر ڈویلپمنٹ نور احمد سومرو، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد نعیم چیمہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق رحیم یار خان سرکل کے دورے کے موقع پر افسران سے گفتگو کررہے ہیں

# صارفین کو سہولیات فراہم کرنا میپکو کی اولین ترجیح ہے، سپرنٹنڈنگ انجینئر رحیم یار خان انجینئر اشرف علی

**سپریٹینڈنگ انجینئر میپکو آپریشن سرکل رحیم یار خان اشرف علی کا رحیم یار خان ڈویژن، جناح سب ڈویژن اور فیلڈ سٹور رحیم یار خان کا دورہ نئے کنکشنوں، اور خراب یا جلنے والے میٹروں کی بروقت تبدیلی کیلئے میٹریل کی بروقت ترسیل کی ہدایات جاری**

سپر یٹنڈ نگ انجینئر میپکو آپریشن سرکل رحیم یار خان اشرف علی نے کہا ہے کہ صارفین کو سہولیات فراہم کرنا میپکو کی اولین ترجیح ہے اور اس میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی زیرنگرانی صارفین کے مسائل حل کرنے کے لئے ہرممکن اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں۔ صارفین کی نئے کنکشنوں کی زیرالتواء درخواستوں پر میٹرز کی تنصیب کے لئے میٹرز اور پی وی سی فراہم کردی ہے اور ایس ڈی اوز کو ہدایت کی ہے کہ فوری طور پر سٹورز سے میٹرز اور تاریں حاصل کر کے نئے کنکشنوں کی فراہمی کی جائے۔ خراب اور جلنے والے میٹرز کی تبدیلی کے لئے بھی میٹرز دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے رحیم یار خان ڈویژن، جناح سب ڈویژن اور فیلڈ سٹور رحیم یار خان کا دورہ کیا اور سٹور منیجر کو ہدایت کی کہ نئے کنکشنوں کے لئے فراہم کئے جانے والے میٹریل کی ترسیل کی جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل رحیم یار خان محمد یوسف، ایکسین رحیم یار خان ڈویژن شہزاد حبیب گل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



ملتان: سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو رحیم یار خان سرکل اشرف علی جناح سب ڈویژن اور فیلڈ سٹور رحیم یار خان کا دورہ کررہے ہیں۔

# سرکاری و پرائیویٹ صارفین سے بلنگ کی مد 2 کھرب 26 ارب روپے سے زائد وصول

## رواں مالی سال کے دوران پروگریسو ریکوری کی شرح 104 فیصد

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے سرکاری اور پرائیویٹ صارفین سے بلنگ کی مد میں 2 کھرب 26 ارب روپے وصول کر لئے جس سے رواں مالی سال 21-2020ء کے دوران پروگریسو ریکوری کی شرح 104 فیصد سے زائد رہی ہے۔ کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کے باوجود میپکو ریجن میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی زیرنگرانی انجینئرز اور سٹاف پر مشتمل ٹیموں نے بلنگ کی مد میں ریکارڈ وصولیاں کی ہیں اور اتھارٹی کے مقرر کردہ اہداف بھی حاصل کئے ہیں۔ جولائی 2020ء تا اپریل 2021ء کے دوران ملتان سرکل میں 49 ارب 13 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ ریکوری کی شرح 101.99 فیصد رہی۔ ڈی جی خان سرکل میں 17 ارب 17 کروڑ روپے ریکوری سے شرح 101.85 فیصد، وہاڑی سرکل میں 18 ارب 72 کروڑ روپے ریکوری سے شرح 104.98 فیصد، بہاولپور سرکل میں 28 ارب 60 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 105.67 فیصد، ساہیوال سرکل میں 30 ارب 41 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 104.84 فیصد، رحیم یار خان سرکل میں 24 ارب 38 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 102.95 فیصد، مظفر گڑھ سرکل میں 26 ارب 29 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 105.22 فیصد، بہاولنگر سرکل میں 14 ارب 35 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 106.21 فیصد اور خانیوال سرکل میں 17 ارب 36 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 105.33 فیصد رہی ہے۔

# سابق کپتان قومی فٹبال ٹیم اور سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب

**سپورٹس آفیسر میپکو کی کاوشوں اور محنت سے میپکو نے بے شمار ملکی اور بین الاقوامی سطح کے کھلاڑی پیدا کئے اور بے شمار کامیابیاں ملیں، جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر شفیق الحسن**

**میپکو کی مختلف ٹیموں کے کھلاڑی کمپنی اور ملک کا نام روشن کرتے رہے ہیں اور بہترین کھیل کی بدولت یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا۔ سپورٹس آفیسر شرافت علی**



جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر شفیق الحسن ریٹائر ہونے والے سپورٹس آفیسر شرافت علی کو شیلڈ دے رہے ہیں۔ ڈی ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، ایڈیشنل ڈی جی ایڈمن لیاقت علی میمن، ڈائریکٹر ایچ آر وقاص مسعود امجد چغتائی، صدر میپکو سپورٹس کمیٹی میاں محمد انور اور دیگر افسران موجود ہیں۔

جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر شفیق الحسن نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے میں کھیل اہمیت کے حامل ہیں۔ صحت مند معاشرے میں کھیل اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سپورٹس مین ہونا ایک اعزاز ہے۔ سپورٹس آفیسر میپکو کی کاوشوں اور محنت سے میپکو نے بے شمار ملکی اور بین الاقوامی سطح کے کھلاڑی پیدا کئے اور عالمی سطح پر میپکو کے کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی کی بدولت اہم کامیابیاں ملیں۔ میپکو سپورٹس آفیسر اور سپورٹس کمیٹی کی قابلیت سراہنے کے قابل ہے۔ میپکو ہیڈ کوارٹر میں قائم جدید سپورٹس کمپلیکس میں افسران اور سٹاف کو ایکٹو رکھنے کے لئے سرگرمیاں شروع کی گئیں جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے۔ ریٹائر ہونے والے سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی نے کہا کہ میں اسسٹنٹ لائن مین بھرتی ہوا اور اپنی قابلیت سے سپورٹس آفیسر کے عہدے پر گریڈ 18 میں ترقی پائی۔ میپکو کی مختلف ٹیموں کے کھلاڑی کمپنی کا نام روشن کرتے رہے ہیں اور آئندہ بھی اسی جوش وجذبے سے اپنے بہترین کھیل کی بدولت میپکو کا نام اونچا رکھیں گے۔ میپکو سپورٹس کمیٹی کے صدر انجینئر میاں محمد انور نے کہا کہ میپکو سپورٹس کمیٹی نے محدود وسائل کے ساتھ کھلاڑیوں کی تربیت کی ہے اور ملتان میں آل پاکستان کی سطح کے انٹر یونٹس اور ٹورنامنٹس کا کامیابی سے انعقاد کیا ہے۔ سپورٹس کمیٹی ایک قابل اور محنتی سپورٹس آفیسر سے محروم ہوگئی ہے یہ خلاء کبھی پُر نہ ہو سکے گا۔ ہماری کوشش ہے کہ سابق کپتان قومی فٹبال ٹیم / سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی کے تجربے سے آئندہ بھی مستفید ہوتے رہیں گے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایڈمن لیاقت علی میمن، نائب صدر میپکو سپورٹس کمیٹی وقاص مسعود چغتائی، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ سروسز حیدر عثمان اٹھنگل اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ اینڈ آر ایم سمیع اللہ قریشی بھی موجود تھے۔

# ایکسیئن آپریشن میپکو چشتیاں ڈویژن طارق عزیز میمن کی سربراہی میں پولیس فورس کے ہمراہ بجلی چوروں کے خلاف آپریشن

## میپکو سیٹلائیٹ ٹاؤن سب ڈویژن کے علاقہ بستی فرید کوٹ کھر لاں والی میں بڑے پیمانے پر بجلی چوری پکڑی گئی

### بجلی چوری میں استعمال ہونے والا 25KVA کا ٹرانسفارمر اُتار کر تحویل میں لے لیا گیا

ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو چشتیاں ڈویژن طارق عزیز میمن کی سربراہی میں میپکو سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن چشتیاں کی ٹیم نے پولیس فورس کے ہمراہ بستی فرید کوٹ کھر لاں والی میں بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا اور بجلی چوری میں استعمال ہونے والا 25KVA کا ٹرانسفارمر اور تاریں اُتار کر قبضہ میں لے لیں ایکسین چشتیاں ڈویژن نے کہا کہ کھر لاں والی سے اتارے گئے ٹرانسفارمر سے بڑے پیمانے پر بجلی چوری کی جارہی تھی۔ چند روز قبل بجلی چوروں نے مسلح ہوکر آپریشن کرنے والی میپکو ٹیم کو یرغمال بنایا اور تشدد کیا جس سے میٹر ریڈر محمد یونس بھی بے ہوش ہوگیا تھا۔ بجلی چوروں کے خلاف تھانہ فرید چشتیاں میں مقدمہ پہلے ہی درج ہے جس میں ملوث تشدد اور مار پیٹ کرنے والے بجلی چور تاحال گرفتار نہیں ہوسکے ہیں۔ ایکسین چشتیاں ڈویژن طارق عزیز میمن نے کہا ہے کہ بجلی چوروں کے خلاف بلاامتیاز آپریشن جاری رہے گا۔ بجلی چور خواہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔





ایکسین میپکو چشتیاں ڈویژن طارق عزیز میمن کی سربراہی میں میپکو ٹیم پولیس فورس کے ہمراہ بجلی چوروں کے علاقے سے ٹرانسفارمر اتار رہی ہے۔

# ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو ڈویژن ڈی جی خان شیراز غفور کی سربراہی میں غازی سب ڈویژن کے علاقہ میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن

## 120 افراد کو ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری کرتے ہوئے پکڑ لیا، لاکھوں روپے جرمانہ متعلقہ تھانہ میں، مقدمات درج

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) غازی سب ڈویژن ڈی جی خان کی ٹیموں نے بڑے پیمانے پر آپریشن کرکے 120 افراد کو ڈائریکٹ سپلائی سے بجلی چوری کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ لاکھوں روپے جرمانہ عائد کردیا گیا۔ بجلی چوروں کے خلاف تھانہ صدر ڈی جی خان میں مقدمات درج کروادیئے گئے۔ ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو ڈویژن ڈی جی خان شیراز غفور کی سربراہی میں ایس ڈی او غازی سب ڈویژن شہباز احمد، لائن سپرینٹنڈنٹ II محمد یونس جاوید، لائن مین I ملک اطہر حسین، دبیر حسین، میٹر انسپکٹر ملک مشتاق احمد، لائن مین II ممتاز احمد، قمرالزمان، میٹر ریڈرز ثناء اللہ اور محمد اسلم پر مشتمل ٹیموں نے چھابری بالا، بستی گجو جی، چاہ چوہدری والہ، پل کوٹ ہیبت، چاہ بھونک والہ، برخوردار والہ، بستی ڈوم، چاہ کنڈے والہ، چاہ بھان والہ، چاہ سرم والہ، مٹاک والہ، باجھی والہ، ابٹرینڈ والہ، بزدار کالونی، راجپوت کالونی سمیت مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر بوگس میٹرز اور لوٹینشن سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرتے ہوئے پکڑ لیا۔ بجلی چوروں کو لاکھوں روپے جرمانہ عائد کرکے بجلی تنصیبات اُتار کر قبضہ میں لے لیں۔ ایس ڈی او غازی سب ڈویژن شہباز احمد کی درخواستوں پر تھانہ صدر ڈی جی خان میں 120 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کروادیئے گئے ہیں۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# ڈائریکٹر جنرل میڈیکل سروسز واپڈا ڈاکٹر شاہد ہاشمی کا واپڈا ہسپتال ملتان کا دورہ

## میڈیکل سپرینٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ملتان ڈاکٹر محمد افضل کی ہسپتال میں سہولیات و اقدامات بارے بریفنگ




ڈائریکٹر جنرل میڈیکل سروسز واپڈا لاہور ڈاکٹر شاہد ہاشمی واپڈا ہسپتال ملتان دورے کے موقع پر زیر علاج مریضوں کے معائنہ اور میپکو کی طرف سے دی جانے والی 2 ایمبولینسز کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب شجرکاری مہم کے تحت ہسپتال کمپلیکس میں پودہ لگا رہے ہیں، ایم ایس واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد افضل، ڈاکٹر محمد علی عباس، ڈاکٹر خواجہ محمد زبیر، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن، ڈاکٹر فرحان اور ڈاکٹر کاشف شہزاد بھی ہمراہ ہیں

ڈائریکٹر جنرل میڈیکل سروسز واپڈا ڈاکٹر شاہد ہاشمی نے کہا ہے کہ ملتان سمیت ملک بھر میں قائم واپڈا ہسپتالوں میں ہزاروں ملازمین اور ان کے اہلخانہ کو علاج معالجہ کی بہترین اور اعلیٰ معیار کی سہولیات دے رہے ہیں۔ ملازمین اور ان کی فیملیز کی سہولت کے لئے ہسپتالوں میں لیبارٹریز بھی قائم ہیں جہاں مختلف نوعیت کے ٹیسٹ مفت کئے جا رہے ہیں۔ وفاقی حکومت کے احکامات کی روشنی میں ملتان سمیت ملک بھر کے واپڈا ہسپتالوں میں کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے عملی اقدامات اُٹھائے جا رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے واپڈا ہسپتال ملتان کے دورے کے موقع پر اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا ہسپتال ملتان میں 4 ہزار سے زائد میپکو، واپڈا، جینکوز اور این ٹی ڈی سی کے ملازمین اور ان کے اہلخانہ سمیت ریٹائرڈ ملازمین کو بھی طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ واپڈا ہسپتال ملتان میں چوبیس گھنٹے تین شفٹوں میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ میڈیکل سپرینٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ملتان ڈاکٹر محمد افضل نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میپکو کی جانب سے جدید اور طبی آلات سے آراستہ 2 نئی ایمبولنسز فراہم کی گئی ہیں۔ ملازمین اور ان کے اہلخانہ کو میڈیکل، امراض دل، آئی، ڈینٹل، ریڈیالوجی، پیتھالوجسٹ، گائناکالوجسٹ، بچوں کے امراض سمیت دیگر امراض کے لئے ماہر اور قابل ڈاکٹرز خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ واپڈا ہسپتال ملتان میں لیڈی سرجن بھی موجود ہے جو ملتان کے کسی اور سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتال میں نہیں ہے۔ ڈائریکٹر جنرل میڈیکل سروسز واپڈا ڈاکٹر شاہد ہاشمی نے ایم ایس واپڈا ہسپتال ملتان ڈاکٹر محمد افضل، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایڈمن میپکو لیاقت علی میمن، ڈاکٹر علی عباس، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن، ڈاکٹر خواجہ محمد زبیر، ڈاکٹر فرحان احمد اور ڈاکٹر کاشف شہزاد کے ہمراہ مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور وہاں زیر علاج مریضوں کا معائنہ کیا۔ علاج معالجہ کی سہولیات کے بارے میں مریضوں سے دریافت کیا جس پر مریضوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی جی میڈیکل سروسز نے پیرامیڈیکل سٹاف سے مسائل بارے بات چیت کی۔ قبل ازیں انہوں نے وزیراعظم عمران خان کے شجرکاری پروگرام کے تحت واپڈا ہسپتال ملتان کمپلیکس میں پودا لگایا اور میپکو کی جانب سے دی جانے والی دو نئی ایمبولنسز کا افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر واپڈا ہسپتال ملتان کے سینئر ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور دیگر بھی موجود تھے۔

# میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر: کارکردگی اور صلاحیت میں اضافہ کیلئے ٹریننگ کا سلسلہ جاری

**ٹریننگ پروگرام کے تحت انجینئرز کی کارکردگی اور پریزنٹیشن سکلز میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ ایڈیشنل چیف انجینئر/پرنسپل رفاقت علی شاہ**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کے احکامات کی روشنی میں ریجنل ٹریننگ سنٹر ملتان میں انجینئرز کی کارکردگی، پریزنٹیشن سکلز کی میں اضافہ کرنے کے لئے ٹریننگ کا سلسلہ جاری ہے جس میں میپکو ریجن کے زیر انتظام آپریشن سرکلوں کے ایگزیکٹو انجینئرز لیکچرز رہے ہیں۔ ایڈیشنل چیف انجینئر/پرنسپل ریجنل ٹریننگ سنٹر رفاقت علی شاہ کی زیر نگرانی گزشتہ اور رواں ماہ کے دوران لوڈ بیلنسنگ، ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کے جلنے کی وجوہات، گرڈ سسٹم کی دیکھ بھال، سی پیک کی افادیت، سٹریس اور اینگر مینجمنٹ سے متعلق لیکچرز انعقاد پزیر ہوئے جس میں ایکسین خانیوال ڈویژن انجینئر فیاض قربان نے لوڈ بیلنسنگ سے متعلق، ایکسین بہاول نگر ڈویژن انجینئر تنویر عابد نے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کے جلنے کی وجوہات اور ٹرانسفارمرز کو جلنے سے بچانے کے اقدامات کے متعلق، ایکسین لیہ ڈویژن بلال خان نے گرڈ سسٹم کی دیکھ بھال (مینٹی نینس) کے متعلق، ایکسین چشتیاں ڈویژن طارق عزیز میمن نے سی پیک کی افادیت، گرڈ سسٹم کی دیکھ بھال (مینٹی نینس) کے متعلق جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل میپکو سرکل ڈی جی خان انجینئر زمحمد شیراز غفور نے سٹریس مینجمنٹ (Stress Management) اور اینگر مینجمنٹ (Anger Management) سے متعلق ٹرینیز کو آگاہی دی۔ اس موقع پر انچارج ٹریننگ رضوان اصغر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن عاصم علی جاوید، ریونیو آفیسر/انسٹرکٹر فخر عمران شاہ اور دیگر فکلیٹی ممبران بھی موجود تھے۔



میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر میں جاری ٹریننگ پروگرام میں ریجن بھر کے مختلف سرکلز اور شعبہ جات کے ایگزیکٹیو انجینئرز لوڈ بیلنسنگ، گرڈ سسٹم کی دیکھ بھال سی پیک کی افادیت اور دیگر ٹیکنیکی امور پر ٹرینیز کو لیکچر دے رہے ہیں

## مڈل مینجمنٹ کورس میں دوسری پوزیشن



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) جی ایس او سرکل ملتان کے ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل پروٹیکشن محمد رضا ظفر جوتہ نے 120 ویں مڈل مینجمنٹ کورس میں ملک بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ مڈل مینجمنٹ کورس 28 ستمبر سے 13 نومبر 2020ء تک واپڈا ایڈمنسٹریٹیو سٹاف کالج اسلام آباد میں جاری رہا۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# محکمانہ ترقی امتحانات

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجنل ٹریننگ سنٹر کے پرنسپل رفاقت علی شاہ نے خانیوال سرکل کے لائن مین II سے لائن مین I عہدے پر ترقی کے ٹی 300 محکمانہ ترقی امتحانات کے نتائج جاری کر دیئے ہیں جس کے مطابق مختلف نشتوں میں مجموعی طور پر 82 ملازمین نے کامیابی حاصل کی ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر عاصم علی جاوید کے مطابق کامیاب ہونے والے لائن مین II میں عابد حسین ولد غلام رسول، عبدالغفار کلیم، بشیر احمد، محمد عارف، غلام حسین، طارق ندیم، محمد نیاز، عابد حسین ولد محمد سلطان، الیاس حسین، محمد ندیم، ناصر محمود، شکیل احمد، سنان احسان، محمد اظہر جاوید, اقرار احمد، جمشید اختر، حق نواز، زاہد حسین، عنایت اللہ، وسیم ارشد، حافظ اختر حسین، سمیع اللہ، محمد بن لطیف، محمد سوالی، طارق مسعود، غلام یاسین، آصف علی شہزاد، حسن فرید، سلمان اشرف، محمد اسحاق، ریاض احمد، محمد عرفان، عبدالرحیم، حشمت علی، محمد عرفان ارشد، طالب حسین، محمد یاسین ولد محمد شعیب، محمد اقبال، محمد شعیب، عرفان حیدر، محمد یاسین ولد محمد سرور، عابد رسول، حافظ محمد امجد، محمد عابد وسیم، محمد سرور، ندیم اختر، عبدالوحید، محمد صادق، ظفر اقبال، محمد یاسین ولد محمد خان، رحمٰن حبیب، محمد یوسف، نیاز احمد، رشید احمد، محمد اکرم، محمد سلیم، عبدالستار، محمد افضل، محمد نواز، محمد پرویز، عبدالجبار، آصف علی، محمد انعام اللہ، محمد طارق، محمد اسلم، شاہد علی، محمد ندیم، ساجد رحمٰن خان، سجاد حسین، خلیل احمد، محمد ساجد نواز، جاوید اقبال، حبیب الرحمٰن، محمد امجد، مختار احمد، خالد شبیر، ملازم حسین اور محمد فاروق اعظم جبکہ پراجیکٹ ڈائریکٹوریٹ کنسٹرکشن کے محمد صابر، محبوب الحسن شامل ہیں

---

# ترقی/تقرری/تبادلے

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے گریجوایٹ تعلیم کے حامل 9 لوئر ڈویژنل کلرکوں کو پروموشن بورڈ کی منظوری سے اکاؤنٹس اسسٹنٹ بنیادی سکیل 15 میں ترقی دیدی ہے اوران کی خدمات خالی آسامیوں پر فنانس ڈائریکٹر میپکو ہیڈکوارٹر ملتان کے سپرد کی گئی ہیں۔ ترقی پانے والے لوئر ڈویژنل کلرکوں میں جعفر از میر علی، دانش عباس شہزاد، محمد سلمان، عائشہ مشتاق، حق نواز، محمد عدیل خالد، محمد عدنان، محمد سعد اور محمد راشد خان شامل ہیں۔


MEPCO News
ENLIGHTENING LIVES
Online
www.mepco.com.pk
061-9220255, 061 - 9220062
MEPCO TODAY
For Feedback
dmprmepco@gmail.com

میپکو نیوز کی سافٹ کاپی میپکو کی ویب سائٹ
www.mepco.com.pk پر بھی پوسٹ کی
جارہی ہے، قارئین اس سے استفادہ کے لئے
ویب سائٹ کا وزٹ کریں۔



کورونا وائرس سے بچیں اور حکومتی ہدایات پر عمل کریں

# !!! احتیاط لازم ہے !!!

## حفاظتی ہدایات برائے میپکو لائن سٹاف اور معزز صارفین

انسانی جان سے قیمتی اس جہاں میں کوئی چیز نہیں، نہ ہی کوئی ہنگامی حالت اس امر کی متقاضی ہے کہ جس میں کسی انسان کی زندگی داؤ پر لگائی جائے۔
ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ہمیشہ اپنے لائن سٹاف اور معزز صارفین کی بجلی تنصیبات سے حفاظت کے لئے سرگرم رہی ہے۔

**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق** نے ایک بار پھر تمام فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ مروجہ سیفٹی تدابیر اور قوانین پر سختی سے عمل کریں تاکہ لائن سٹاف اور عوام الناس بجلی تنصیبات کی وجہ سے ہونے والے حادثات سے حتی الامکان محفوظ رہ سکیں۔



(1) اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کیجئے!

### میپکو کے لائن سٹاف کے لئے

i- ورک پرمٹ حاصل کئے بغیر کام شروع نہ کیا جائے۔

ii- کام شروع کرنے سے پہلے لائن کی ہر طرف سے ضروری ارتھنگ کی جائے۔

iii- PPE اور حفاظتی آلات کا لازمی استعمال کیا جائے۔

iv- ہر سب ڈویژن میں صبح لازمی اسمبلی کی جائے اور سیفٹی ہدایات کو دوہرایا اور لائن سٹاف کو اس پر عمل کی تلقین کی جائے۔

v- سرکل، ڈویژن اور سب ڈویژن کی سطح پر ہر ماہ باقاعدگی سے سیفٹی کے بارے میں اجلاس اور سیمینار منعقد کئے جائیں۔

(2) ہائی ٹینشن اور لو ٹینشن لائنوں کی زمین سے مناسب بلندی برقرار رکھی جائے۔ اگر نئی سڑک بننے یا کھمبوں کے درمیان فاصلہ زیادہ ہونے کی وجہ سے تاریں جھک جائیں تو درمیان میں نئے پول لگا کر تاریں بلند کی جائیں۔

(3) تاروں کے جوڑ منظور شدہ تکنیکی طریقوں سے لگائے جائیں۔

(4) ہائی ٹینشن اور لو ٹینشن کے جمپرز، پی جی کنیکٹرز کے ذریعے لگائے جائیں۔

(5) ان تمام افراد کو ان کی تعمیرات کا ڈیزائن درست کرنے کے نوٹس جاری کئے جائیں جنھوں نے بجلی لائنوں کے نیچے غیر قانونی تعمیرات کی ہیں اور یوں حادثات رونما ہونے اور انسانی جانوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ حادثات کی فوری روک تھام کے لئے بجلی کی لائنوں اور بلڈنگ میں ضروری فاصلہ برقرار رکھا جائے۔

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES
میپکو۔۔۔خدمت و ترقی، قدم بہ قدم

**ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)**

www.mepco.com.pk